حقیقت اسکی آگے کیا گلاب و مشک کی خوشبو — نزی کوچہ کی سونگھی بو ہو یا محبوب سبحانی

تری افضال کا احسان کا کیا شکر ہو مجھ سے
زبان گو میرا ہر اک مو ہو یا محبوب سبحانی

رہے وہ ابرو سے ابر رحمت اوس طرف برسے
جدھر تیرا خم ابرو ہو یا محبوب سبحانی

تمہارے نام کی تاثیر سے سب دفع ہوتا ہے
بلا ہو فکر ہو جادو ہو یا محبوب سبحانی

بے فضل رسول اللہ میرے سب گناہونکی
کرم سے تیری شست و شو ہو یا محبوب سبحانی

رہے کیا خوف آفات جہان سے دل مین جب حامی
فقیر قادری کا تو ہو یا محبوب سبحانی

الھاء

ترے چہرہ کی ہے تشبیہ یا محبوب سبحانی
مہ و خورشید سے تمویہ یا محبوب سبحانی

قدم کا تیرے جو منکر ہوا ہی اسکی غرائی
خدا نے غیب سے تنبیہ یا محبوب سبحانی

نظر سے جو گرے تیرے وہ ہو مردود کل اسے
سجین سب کہکے نظر فیہ یا محبوب سبحانی

مقابل تیرے حکم عام کے ہرگز نہین چلتی
کسی کی کوئی کچھہ توجیہ یا محبوب سبحانی

رفاہ دو جہان کا ہے فقیر قادری طالب
مناسب اسکی ہے ترفیہ یا محبوب سبحانی

لکھون کیا تیرا عز و جاہ یا محبوب سبحانی
کہ عالی ہی تری درگاہ یا محبوب سبحانی

تری تعریف مین مضمون عالی تیری منصب کا
نہین ملتا مجھے دلخواہ یا محبوب سبحانی

کہان ہے اولیا دہر کو تجھسی شہا نسبت
رعیت وہ تو انکا شاہ یا محبوب سبحانی -

اگر افراد بھی ہین تو بھی کم ہین تجھسی رتبہ مین
وہ ہین مثل سہا تو ماہ یا محبوب سبحانی

زنہ غوث ہی نظر سے تیری گو ٹو کو دیکھی
لگے ملنے مثال گاہ یا محبوب سبحانی

مرے تم بخت کو بیدار کرکے خواب میں مجھکو
مجھے دیدار اپنا گاہ یا محبوب سبحانی

غلام خاندانی ہیں ہوں غوث دو جہانی تم
نہوں کیوں اپنا حصہ واہ یا محبوب سبحانی

بھٹکتا ٹھوکریں کھاتا پھریں اب بند گلیوں تک
دکھا دو مجکو اپنی راہ یا محبوب سبحانی

بلالو پھر مجھے بغداد میں اب دل لگی میرے
مٹی دو آتش کی چاہ یا محبوب سبحانی

پیاسا ہوں سجھادو آگ میری آج تم سے
لیئے فضل رسول اللہ یا محبوب سبحانی

فقیری دری پر ہو عنایت کی نظر جلدی
کرے کب تک فغان و آہ یا محبوب سبحانی

الیا

ترا وہ رتبہ علیا ہی یا محبوب سبحانی
کہ اک عالم ترا شیدا ہے یا محبوب سبحانی

سروں پر گردنوں پر اولیاء اللہ کے یکسر
بامر حق قدم تیرا ہے یا محبوب سبحانی

وہ قدرت حق نے بھی تمکو کہ سارا ماجرا تمنے
قضا کا خواب سے بدلا ہے یا محبوب سبحانی

ہوا ہے تجربہ لاکھوں جگہہ لاکھوں بلاؤں کو
تمہارے نام نے ٹالا ہے یا محبوب سبحانی

ترا بندہ ترا خادم معین الدین اوسطی سے تو
مرا مولا مرا آقا ہے یا محبوب سبحانی

شہا فضل رسول پاک کے صدقے کرم کردے
وسیلہ مجکو بس انکا ہے یا محبوب سبحانی

فقیر قادری زاہد نہیں صوفی نہیں لیکن
تری دربار کا کتا ہے یا محبوب سبحانی

ترا دربار ربانی ہی یا محبوب سبحانی
کہ تہا ہی تری دربانی ہی یا محبوب سبحانی

ترے دربان کی کمال کو کہا کرتے ہین سب کملا
ہے از دیباکے کا نشانی ہی یا محبوب سبحانی

قدم تیرا سرون پر رکھہ کی تقدیم آپکی یعنی
سب اہل اللہ کے ثانی ہی یا محبوب سبحانی

بقدر معرفت ہر اک تری تعریف کرتا ہے
حقیقت کسنی پہچانی ہے یا محبوب سبحانی

تری ای غوث اعظم ہے جو عظمت اسکی کیفیت
بیان کیونکر ہو وہ حیرانی ہے یا محبوب سبحانی

بقول خواجہ قطب الدین ہے سر قدپر ورستے آیا
لیا ہیں اعظم الشان ہے یا محبوب سبحانی

جناب سرور ہر دو جہان کے رخ کا آئینہ
تری پر نور پیشانی ہے یا محبوب سبحانی

تمامی اولیا کو تیرے ہی دربار رحمت سی
ملا سب فیض روحانی ہے یا محبوب سبحانی

نظام کا محبوب الہی ہے مشہور تہا جنکے
عیان ذرہ سے درافشانی ہی یا محبوب سبحانی

امیر ابو العلی کو تو نے وہ منصب دیا عالی
کہ قاصر نطق انسانی ہے یا محبوب سبحانی

تہا وہ ذات ہے تیری کہ دلسی خواجہ باقی
اطاعت مین تری فانی ہے یا محبوب سبحانی

تری خاک قدم مین ہی تہا ہر چیز کی تسخیر
ہوا آتش آگ ہی پانی ہے یا محبوب سبحانی

بیان کیا ہو تری قوت تہا لوکسکا یو تا ہے
ترا جد شیر یزدانی ہے یا محبوب سبحانی

فصاحت ہے بلاغت سی معرا ہی بیان میرا
زبان بھی ہیری دہقانی ہی یا محبوب سبحانی

مگر مجکو بھی ان باتون کی تہا کچہہ نہین پروا
مرا مقصد ثنا خوانی ہی یا محبوب سبحانی

مین کہوتا ہون کہرا کر دو جہان کر دو ہم تہی
نہین ہر شی کی آسانی ہے یا محبوب سبحانی

کرم مین دوسرا تجھسا نہین تہا اگر میرا
برائی مین نہ اب ثانی ہے یا محبوب سبحانی

کرم کر عاجز کو نہیں رہی بھی تجھکو دی حق نے ۔ تمہا تکوین اکوانی ہے یا محبوب سبحانی

مری سب کام بنتے ہیں تمہارے لب ہلانے سے ۔ ہر اک کیوں ہو دیر حیرانی ہے یا محبوب سبحانی

میں اب کب مانتا ہوں پر لئے اٹھتا نہیں ہرگز ۔ سے دل میں بشر اب تھانی ہے یا محبوب سبحانی

گزارش مختصر کرتا ہوں تنہا مصلحت یہ ہے ۔ دگر نہ قصۂ طولانی ہے یا محبوب سبحانی

تنہا میں ناتواں تیرا غلام خاندانی ہوں ۔ تو میرا جان ہے جانی یا محبوب سبحانی

مرے اس چھوٹی منہ پر نہیں زیبا گو بڑی بات یہ ۔ کرم کی تیری جولانی ہے یا محبوب سبحانی

کہا کرتے ہیں مہمان طفیلی کے کرم ہوں تیرے ۔ زیادہ تیری لت جانی ہے یا محبوب سبحانی

طفیل غوث فضل رسول اب مجھکو سب کچھ دے ۔ ترے گھر میری مہمانی ہے یا محبوب سبحانی

فقیر قادری کا تم سے اب مطلب بڑا سب سے
عطا ہو نور ایمانی ہے یا محبوب سبحانی

ترا وہ روضۂ عالی ہے یا محبوب سبحانی ۔ کہاں خلد سب خالی ہے یا محبوب سبحانی

ہے سر روشن سے روز و شب فروزاں نور کا جلوہ ۔ تری روضہ کی کیا جالی ہے یا محبوب سبحانی

ولایت کی علی جیسا اور تم کل اور ولی سارے ۔ کوئی پتا کوئی ڈالی ہے یا محبوب سبحانی

جناب حق سے تو نے حق میں اپنے سب مریدوں کے ۔ سند غفران کی لکھوالی ہے یا محبوب سبحانی

تری ہی نام کی برکت سے مجھکو دونوں عالم میں ۔ بلا سے فارغ البالی ہے یا محبوب سبحانی

کیا ہے اہل مجد و فضل نے مجھکو ترا ہمنام ۔ یہ میرے حق میں خوش فالی ہے یا محبوب سبحانی

مری اولاد و احباب کا بھی بس کرم تیرا ۔ کفیل جانی و مالی ہے یا محبوب سبحانی

کفالت میں وہ سب کی ہیں جو حق تعالیٰ نے	ولی تو ہی خدا والی ہے یا محبوب سبحانی
شہا فضل رسول اللہ سے بندہ گنہگار ہے راہ	ترے دربار کی بالی ہے یا محبوب سبحانی
فقیر قادری شہ آل کی گرچہ گو وہ	عمل سے علم سے خالی ہے یا محبوب سبحانی

میں شاعر کب ہوں پر اپنی کہانی سب کہہ دی ہے
کرم کی تیرے گدائی نے ہے یا محبوب سبحانی

تمت

تاریخ جمع دیوان منقبت از جناب مؤلف

امام ہر ولی ہیں یا لقب ہیں محبوب سبحانی	نبی کے دین کے ہیں رکن رکین محبوب سبحانی
ولایت کی سند سب اولیا کو انہی سے ملتی ہے	کہیں ہیں مہر ولایت کی نگین محبوب سبحانی
ہوا جو انکی سائل نعمت دارین پاتا ہے	سوالی محروم کرتے ہیں کہیں محبوب سبحانی
فقیر قادری بھی مانگ کر یہ دیوان ہوا حاضر	کہ سائل سے نہیں کہتے نہیں محبوب سبحانی

کہا ہاتف نے للہ تاریخ ترتیب ہوا کی
ستار وصف شاہنشاہ دین محبوب سبحانی

۱۲۹۹

تاریخ جمع دیوان منقبت از مولوی انوار الحق صاحب انوار

مقبول غوث پاک ہے دیوان منقبت	قربان ہیں وہ قلوب جنہیں ہے منقبت پسند
انوار دی ہے خبر مجھے اکبر سروش نے	پیران پیر نے ہے وہ کی منقبت پسند

۱۲۹۹

منقبت اہل بیت عظام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نعت سے اوس شاہ کی عاجز مری تقریر ہے — جا بجا جسکی صفت قرآن مین خود تحریر ہے

ہر نبی کا حکم اونکی قوم پر مخصوص تھا — رحمت عالم کا حکم عام عالمگیر ہے

ہر کتاب آسمانی سے ہے بشر آپ کی — ہر نبی سے خیر مقدم کی ہوئی تبشیر ہے

صاحب قوسین ہین اور تاجدار رسالت — اونکی نسبت خاک سے شرمندہ تنویر ہے

ہے نبوت آپ کی سب انبیا سے بیشتر — حکمت حق سے ہوئی اظہار مین تاخیر ہے

آپ کے سوء ادب سے سب عمل ہوتے ہین حبط — آیت لا تجہروا مین حق نے کی تحذیر ہے

نعت شاہ دین مین آنا مدح اہل بیت کا — اہل بیت کی حق مین لذت بخش قند و شیر ہے

کیا لکھے توصیف بندہ اہل بیت پاک کی — شان مین جنکی کہ نازل آیت تطہیر ہے

ہو گی جب جنت کو جائینگی جناب سیدہ — بند چشم اہل محشر واہ کیا توقیر ہے

نص قطعی سے فرمایا رسول اللہ نے — خیر کو غیر کل سمجھنا وہم کی تاثیر ہے

لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار — وہ خدا کا شیر و شاہ دین کی شمشیر ہے

شہر علم دین نبی ہیں باب ہیں مولی علی
مصحف ناطق ہیں ہر بات پر تاثیر ہے

ہے کمال ظاہر ایمان کا انہیں سے ظہور
ملک باطن پر علی کا قبضہ تسخیر ہے

کحل چشم اولیا خاک کیا ہے بوتراب
آستاں کا اونکی ہر ذرہ بے از اکسیر ہے

سیرت سبطین ہے سیرت رسول اللہ کی
اونکی صورت بھی رسول اللہ کی تصویر ہے

دونوں سلطان جہان جنان ہیں بے گمان
اونکا عاشق جان و دل سے جوان و پیر ہے

ہے خطا خوشبو کو اونکی گر لکھوں مشک ختن
ہیں ریحان نبی کی بس یہ تحقیر ہے

دوش احسن پر رسول اللہ کے حسن و حسین
جلوہ نور علی نور کی اک تنویر ہے

راکب دوش نبی کا آہ سر نیزہ پر ہو
واہ واہ سرداری جنت کی کیا تقدیر ہے

دیکھو شان کبریا نیزوں کا اور آن کے اوپر
اور ادہر اللہ اکبر نعرۂ تکبیر ہے

راہ حق میں کر دیا سجدے میں قربان اپنا سر
ایسے واسجد واقترب کی کسنی کی تفسیر ہے

سبط سبطین نبی ہیں غوث اعظم بالیقین
حلقہ پیران سلاسل کا وہ بیشک پیر ہے

ہیں فدائے اہل بیت مخلص ... ب ایک
کیا فقیر قادری ہے بھی وہ اوجوش تقدیر ہے

تاثیر کا یہ کچھ بھی کی حال ہے
نسل علی میں حصہ محمد کی آل ہے

دم سے نبی کے دم ہے علی کا جو متحد
کیا اون میں اتحاد ہے کیا اتصال ہے

موجود ہیں علی میں محمد کی سب صفات
ہاں اک نبوت اون میں نہیں جو محال ہے

نسبت علی کی ایسی محمد سے ہے کہ ربط
ہارون کا کلیم سے جسکی مثال ہے

دیدار انکا عین عبادت خدا کی ہے
کیا جذا علی ولی کا جمال ہے

خیبر کی فتح ارض پہ اور آسمان پہ
ایمان کا کمال محبت علی کی ہے
یادِ علی سے راست جہان جہانیان
ہیں غوث پاک نائب شیر خدا یہ ان
روح حسین راحت جان جن ہین وہ
مانگو نہ کیون فیض جناب امیر سے
ممدوح اپنا وہ شہ عالیمقام ہے
ہیں جان پاک صاحب لولاک یہ جناب
فرزند مصطفیٰ کے ہیں فرزند مرتضیٰ
داخل ہیں چار یار میں وہ شاہ نامدار
وہ مرتبہ کہان کہ علی سے تھا مسعود
ہو کیون نہ خاک کیمیا سے علی کیمیائی فیض
ہے انکی باب فیض ولایت کا افتتاح
باطن کے جو امام ہیں نسل نبی پاک بعد
پیران پیر دل میں جناب امیر کے
مست شراب عشق نبی ہو کے پیا
ہمکو ہے یقین کہ حل ہو مشکل فقیر کی

ہو رد شمس انکو تو کیا جلال ہے
بغض انکا کیا ہے جنھوں نے نفاق و ضلال ہے
نام انکا کیا ہے دفع رنج و ملال ہے
جنکے کرم قدم سے علی کا کمال ہے
وصل انکا بس نبی علی کا وصال ہے
محتاج ہیں شہ صاحب جود و جمال ہے
شیر خدا علی ولی جنکا نام ہے
دیکھو گواہ اسکا خدا انکا کلام ہے
نسل نبی کا نسل علی سے تمام ہے
شامل ہے پنجتن میں عجب احترام ہے
بندے ہیں ہم اسکے یہی جو علی کا غلام ہے
دوش نبی پہ پائے علی کا مقام ہے
ختم نبوت آپ پہ ہوا اختتام ہے
سب اسکی منتہی ہیں وہ سب کا امام ہے
سب سلسلوں میں جنکا عیان فیض عام ہے
جنکے لیے ولائی ساقی کوثر کا جام ہے
مشکلکشا امیر علیہ السلام ہے

دیوان ثانی در مدح اکمل الاولیا جناب محبوب سبحانی رضہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ادا سے حضور کی مجھ سے کیا ثنا یا غوث — کہ تم ہو عاشق معشوق کبریا یا غوث

اطاعت نبوی آپکی اطاعت ہے — رضا ہے آپکی اللہ کی رضا یا غوث

ادب حضور کا سب اولیا پر واجب ہے — ہیں آپ نائب سردار انبیا یا غوث

امام ظاہر و باطن ہو نور عین علی — ہے تم سے دیدۂ سبطین کو ضیا یا غوث

انیس شام و سحر رکھتے ہیں بھی قدسی — کہ آستان پہ رہیں ہے سر جھکا یا غوث

اثر سے تیری توجہ کے ابو المظفر کو — ملی سفر میں ظفر ٹلگئی قضا یا غوث

اسیر ہووے جو تیری غضب کے زندان میں — سوا ترے وہ کسی سے بحضور کا یا غوث

اجابت آپکی دست دعا عاشق ہے — عطا ہے حق کی تری حسب مدعا یا غوث

اگر نگاہ کرم تیری ادس پہ ہو جاے — تو خاک سیم ہو ہو جاوے مس طلا یا غوث

اٹھا تو فرقت بغداد کا الم کب تک — خدا کیوا سطے پھر لیجئے بلا یا غوث

امان ظل حمایت میں آپکی ہے فقیر — عدو کا خوف بلا کا خطر ہے کیا یا غوث

ث

ثبات ہو رہ ایمان پہ مجھکو مرتے دم
خطر ہے زلت اقدام کا بڑا یا غوث

ثمر عطا ہو مرے نخلۂ مراد کو بھی
ہے کن فکان کا تمہین مرتبہ ملا یا غوث

جہان کے اہل کمال سے آپ اکمل ہین
یہ اتفاق ہے اہل کمال کا یا غوث

جلال سے ترے مر گر گئے زمین پہ چیل
ادب تھا جو ترے بزم کا کیا یا غوث

جمال سے ترے دم بھر مین ہو گئی زندہ
وہ حق نے منصب قدرت تجھے دیا یا غوث

چمکتا اوج علا پر ہے آفتاب ترا
سب اولیا مین ترے روبرو سُہا یا غوث

چمن مین مست ہے گل چہچہے ہین بلبل کو
چلی وہ گلشن بغداد کی صبا یا غوث

چھٹے وہ دام الم بند غم سے اک دم مین
جو صدق دل سے کرے تجھسے التجا یا غوث

حلاوت ایسی ہے کیا بات مین ترے
نبات و قند مین ہے وہ کہان مزا یا غوث

حسد عبث ہے عداوت عدو کو ہے بیکار
خبر نہین ہے کہ آقا ہے تو مرا یا غوث

حقیر سمجھے نہ کیون جام جم کو ترا فقیر
کہ تیرا جام ہے جام خدا نما یا غوث

خدا سے پایا وہ رتبہ کہ بارہا تمنے
قضا کا خواب سے بدلا ہے ماجرا یا غوث

خلف کو فخر سلف کو شرف بفضل خدا
تمہارے ذات مقدس سے ہو گیا یا غوث

خزان کا غم ہے نہ کھٹکا ہے باد صرصر کا
سدا بہار ہے وہ گلشن ترا یا غوث

دیا ہر ایک کو جو چاہا جس گھڑی تمنے
ہے بیحساب ترا دفتر سخا یا غوث

دو عالم آپ کا تابع ہے کسکو طاقت ہے
کرے جو آپ کے فرمان سے ابا یا غوث

در حضور سے حاجت روا ہے اہل غرض
مجھے بھی خوان کرم سے ہو کچھ عطا یا غوث

حرف	مصرع اول	مصرع دوم
ڈ	ڈروں میں کسی سے سوا دیدۂ بینا کی کیوں	کرلا تخف ترا ارشاد ہے سنا یا غوث
	ڈہکی ہیں عیب سے مرے دامن کرم سے ترے	کہا حضور نے یہ خود دستگیر تہا یا غوث
	ڈسینگے ناگ جہنم کے اوس سیہ رو کو	ہوا جو تیرے عداوت میں مبتلا یا غوث
ذ	ذلیل کس طرح کر سکتے ہیں مجھے اعدا	کہ میرے سر پہ ہے دست کرم ترا یا غوث
	ذنوب سے ہیں مرے حسن عمل سے گرچہ فزون	جو تم کفیل ہو پھر خوف کیا ہے یا غوث
	ذرا ادہر بھی خدارا اک نظر کیجے	میں کب سے منتظر لطف ہوں کہڑا یا غوث
ر	رخ نبی کی تجلی ہے ترے رخ سے عیاں	جبین پہ نور خدا کا ہے پرتو یا غوث
	رسول حق نے تمہیں اولیا کے مجمع میں	پہنایا خلعت تخصیص برملا یا غوث
	ریاض خلد ہے بغداد کی روش سے خجل	تمہارے کوچہ کی دلکش ہے کیا ہوا یا غوث
ز	زمانہ میں نہ ترا مثل ہے نہ ہو نہ ہوا	یہ کس ولی کا ہے رتبہ ترے سوا یا غوث
	زمین میں خلد میں جن و ملک میں ان میں	تمہارے فضل کا شہرہ ہے جابجا یا غوث
	زبان پہ نام ہے دلمیں تصور رخ ہے	خیال آپ کا آنکھوں میں ہے بسا یا غوث
س	سعادت اور شقاوت ہے تیرے قبضہ میں	کہ تو نے چور کو ابدال کر دیا یا غوث
	سیادت عرفا مطلقا تمہیں کو ملی	تمہیں ہو قافلہ سالار اصفیا یا غوث
	سنا یا آپکو کرتی تھی ماہ و سال مدام	سبب اپنا جو حال برا ہوتا یا بھلا یا غوث
ش	شمائل آپکے ہیں مثل شمائل حسنین	وہی ہے جلوہ وہی ہے تری ادا یا غوث
	شمار تیری کرامات کا نہیں ممکن	کہ گھر ہی خاک بھی در کی تری دوا یا غوث

غضب تمہارا نمونہ خدا کے قہر کا ہے
کرم حضور کا ہے رحمت خدا یا غوث

غرور حسن نے کیا آپ سے وہ خوار ہوا
گدا ہو یا شہ لشکر و لوا یا غوث

ف
فراق آپ کا ہے دوزخ وصال جنت ہے
دکھا دے جلوہ کہ دل سے چلا یا غوث

فنا کے لطف بقا کے مزے اوسیکو ملے
ہوا جو عشق و ولا میں ترے فنا یا غوث

قفس میں مثل ہزار ہو ہے شیدا مشتاق
ہے آرزو ہے تمہیں ہر دم مری صدا یا غوث

ق
قضا ہے تیری سحر قدر موافق ہے
کیا خدا نے وہی تم نے جو کہا یا غوث

قدم سے ہے ترے سرسبز گلشن بغداد
بہار خلد ہے جنت کی ہے فضا یا غوث

قصور ہے تو بخشوا کے روز جزا
قصور خلد خدا سے مجھے دلا یا غوث

ک
کرامتیں ہیں تری معجزات شاہ رسل
ہے دم سے تیرے عیاں شان مصطفا یا غوث

کبھی تو خواب میں دکھلا رخ انور
کہ مدتوں سے ہوں میں طالب لقا یا غوث

کرم حضور کا ہے ہر جگہ مری ہمراہ
کبھی ہے زاد یہی میرا راحلہ یا غوث

گ
گیاہ کا بھی تو ہے مدرسہ کی ہے یہ اثر
کہ جسکے پینے سے ملجاتی ہے دوا یا غوث

گدا کو تیرے نہیں سلطنت کی کچھ خواہش
وہ جسکو چاہے ابھی کردے بادشاہ یا غوث

گہر نثار ترے ذرہ ہائے رہ پہ ہیں
ہے سنگ در پہ فدا لعل بے بہا یا غوث

ل
لعاب سے کی نبی و علی کا تھی تم
طریق وعظ و ہدایت کی ہے بنیاد یا غوث

لقب ہے آپکا عالم میں سید الافراد
تم اولیا جہان کے ہو مقتدا یا غوث

لگے حضور علی میں ہیں آب حیات
سنا کے بات دل مردہ کو جلا یا غوث

م ملا اُسکو ولایت میں منصب عالی — کہ جس نے آنکھہ سے تیرا قدم ملا یا غوث

شہ معین و قطب و فرید و نظام عرفان میں — کرم سے تیرے ہیں کالشمس فی الضحیٰ یا غوث

مقام خاص ہے خلوت کا آپکی مخدع — سب اولیا سے تری شان ہے جدا یا غوث

ب لطف سے سیکڑوں فساق کردئے ہیں ولی — یہ تھا نگہہ میں اثر تیری حبذا یا غوث

نکالی ڈوبی ہوئی مدتوں کی کشتی برات — کرے جو بحر میں تھا شور مرحبا یا غوث

نشاں ہیں تری مرقد پہ سبع سیارے — ہیں آستان پہ تیرے ہفت آسمان یا غوث

و ولی ہیں جتنے جہان میں ہر ایک کی گردن — خدا کے حکم سے تیرے ہے زیر پا یا غوث

وصال آپکا موصل ہے وصل مولا کا — پھرا جو آپ سے وہ حق سے ہی پھرا یا غوث

وسیلہ جسکو ملی دامن کرم کا ترے — زہے نصیب رہے طالع رسا یا غوث

ہ ہے والدین سے تو اپنی ذات حسنین — ملا ہے تجھکو عجب حسن دلربا یا غوث

ہمیشہ آپکا خورشید فیض تابان ہے — اگرچہ خود دگر اقطاب کا چھپا یا غوث

ہزاروں مچھلیاں آئیں سے برابا تو بھی — نماز تمنے جو دریا میں کی ادا یا غوث

ی یہ حضور میں ہے قدرت ید اللہی — زبان سے بحر فیوض خدا بہا یا غوث

یہ آرزو ہے رہوں میں ترے حضور میں — یہی قصیدہ کا مجھکو ملے صلا یا غوث

یقین ہے ترے کرم سے فقیر عاصی کو — کہ بخشوائیگا تو اسکی ہر خطا یا غوث

قصیدہ دیگر در صنعت طالب و مطلوب

ط — طرب ہے شوق سے باطن میں یا پیر کہہ اپنی / ہوا ہوں گرچہ میں مہجور ظاہر یا غوث — ظ

ظ — ظہور ہے ترا عین ظہور شان سے علی / عیاں ہے سب پہ تری عزت و علا یا غوث — ع

ع — عذاب ہجر سے تیرے دی امان مجھکو / کھلا دے قرب کی اپنی مجھے غذا یا غوث — غ

غ — غنا دے بشری دور کرکے دل سے مرے / دکھا وہ جلوہ کہ ہوں تجھ میں فنا یا غوث — ف

ف — فدا نہ کیوں ہوں ترے قد پہ سرو و طوبے / قدر رسول نے تجھے اپنی دی قبا یا غوث — ق

ق — قدم کی تیری وہ تاثیر ہے کہ جس کے / تراب سے خجل اکسیر و کیمیا یا غوث

ک — کرم سے کر اپنے مری جلد دستگیری کر / وگرنہ مکر سے حاسد کے میں گرا یا غوث — ک

گ — گنہگار ہوں مگر ناز ہے اپنی نسبت پر / مگر وسیلہ ترا عین نے ہے لیا یا غوث — ل

ل — لبوں پہ جان ہے مری بس آئی ہے تو دید / سوا ترے نہ مددگار ہے مرا یا غوث — م

م — مجھے بھی جام کرامت اپنی کرے مست / کہ تیرے عشق کا دم ہے بھرتا یا غوث — ن

ن — نبی حکم سے مشکلات کو حاصل ہے / مری بھی عقدہ مشکل کو کردو وا یا غوث — و

و — وہ جو تو نے کیا خلق کو بیچے / وہ تیری فیض سے تو دیا ہوا ظاہر یا غوث — ہ

د — ترا جہاں سے تمنا ہی فقط کی ہے / ہمیشہ رو مرا اپنی پایا غوث — ی

ی — کیمیا از روئے کہ جب تک ہیں طالب مطلوب / فقیر ترے طلب ہے ہوا مشتاق یا غوث — ا

الباء

بیان ہو آپ کی مدح و ستائش مجھ سے کہ یا غوث / تمامی اولیا ہیں آپ کا کرتے ادب یا غوث

ستہ افراد و غوث اعظم و قطب عالم ہے
کرم سے حقتعالی کے ملا تمکو لقب یا غوث

پدر بھی سید حسنی ہیں مادر بھی حسینی ہیں
تعالی اللہ ہے کیا آپکا احسن لقب نسب یا غوث

بحکم حقتعالی اولیائے سابق ولاحق
قدم رکھتے ہیں تیرا اپنی سر پر سب کے یا غوث

تیری عاشق ہیں مست بادہ عرفان لاہوتی
یہ دولت ملی جسکو ترا جام طرب یا غوث

تجھی اپنی نیابت رحمۃ للعالمین نے دی
جہاں تیرا سفر ہے عجم سے تا عرب یا غوث

مرا سب درد و غم اک دم کے دم میں دور ہو جاتا
لیا کرتا ہوں جب وقت مصیبت تیرا نام جب یا غوث

سیر ہے تیرے اکسیر ہے تسخیر ہے میری
مرا مولا ترا کیا اسم اعظم ہے عجب یا غوث

تیری چشم کرم ہے مظہر مہر و عطائے حق
خدائے منتقم کا قہر ہے تیرا غضب یا غوث

طفیل پنجتن میری مدد فرما کہ مٹ جاوے
مری اعدا کا تیری حکم سے شور و شغب یا غوث

فقیر قادری بھی ہے ترا اک عبد موروثی
کہ تھے تیرے غلام خاص میرے جد و اب یا غوث

ایضاً

مجھ سے حاجت سے ہو کیوں کہ تری مدحت یا غوث
فرش سے عرش تلک ہے تری رفعت یا غوث

دوش اقدس پہ تری ہے قدم پاک نبی
حبذا کیا ہی ملی ہے تجھے عزت یا غوث

اپنی گردن پہ رکھا سب نے قدم کو تیرے
اولیا میں یہ تری ہی تری شوکت یا غوث

جتنے اقطاب ہیں افراد ہیں نجبا ہیں ابدال
فیض حق سب کو ملا تیرے بدولت یا غوث

اک اشارہ میں کئے سیکڑوں مردے زندہ
تجھکو ہی قادر مطلق نے یہ قدرت یا غوث

مست رہتے ہیں مئے وصل ہی سے مردم
جسکو ملتی ہے تری عشق کی لذت یاغوث

نار دوزخ تری اعدا کا مقر ہے مقر
ہے ولا تیری کلید در جنت یاغوث

تو ہے مخدوم ترے سارے ولی ہیں خادم
کرتے رہتے ہیں ملک بھی تری خدمت یاغوث

نائب رحمت عالم ہیں دو عالم میں حضور
کیوں نہوں آپ سے طالب رحمت یاغوث

جا بیٹھتے ہیں جسے کر دیتے ہیں سلطان جہان
ہے فقیروں کی ترے در کے یہ ہمت یاغوث

اہل دنیا سے فقیر آپ کا مستغنی ہے
آستانہ ہے ترا مخزن نعمت یاغوث

الثاء

شاہ مردان کے ہو تم نائب و وارث یاغوث
تجھکو سب کہتے ہیں حسنین کا ثالث یاغوث

رعب ہے نام مبارک کے ترے عالم میں
کانپ جاتے ہیں شیاطین و خبائث یاغوث

فضل قرآن کی ہوئی حکم سے تیری وہ کتاب
فلسفت کی تھی لکھے جسمیں مباحث یاغوث

ہے یقیں عزت و توقیر مجھے حاصل ہو
دونوں عالم میں تری مدح کے باعث یاغوث

تم جو امداد کو آجاؤ دم نزع فقیر
دور ہو جائیں سب آفات و حوادث یاغوث

الجیم

کیا لکھوں تیرے مدارج یاغوث
ہیں وہ تحریر سے خارج یاغوث

تو وہ شاہ ہے کہ سکہ تیرا
سب سلاسل میں ہے رائج یاغوث

الخاء

ہوئے غم سے کو دل مین سوراخ یا غوث
مگر تو ہے سر غم کا نساج یا غوث

بہار گلستان ایمان ہے تجھہ سے
مزین شریعت کا ہی کاخ یا غوث

نہال ولایت ترے دم قدم سے
ہے شاداب کیا برگ کیا شاخ یا غوث

ترے خرمن فیض سے خوشہ چین ہین
تمامی سلاسل کے اشیاخ یا غوث

تو اکرم ہے فقیر حسن کا
مٹا دے گناہون کے اوساخ یا غوث

الدال

پھنسا ہون دام تفکر مین المدد یا غوث
کہ بے سبب ہین عدو در پے حسد یا غوث

نہ کیون ہو سارے جہان پر تمہارا رعب جلال
علی شیر خدا ہین تمہارے جد یا غوث

بیان ہو میری زبان سے کہان یہ ممکن ہے
کہ فضل ہی ترا بیحد و بیعدد یا غوث

ترے اشارے سے سو بار مستغیثون نے
بلا ٹلی ہی قضا ہو گئی ہے یا غوث

جلائے مردے کئے کور بارہا بینا
کرامتون کی تری کچھ نہین ہی حد یا غوث

تو وہ حبیب خدا ہے کہ تیرا شمس کمال
رہیگا خلق مین تابندہ تا ابد یا غوث

وہ عز و شان ہے تری ملتی ہی ولایت کی
ہر اک ولی کو تری حکم سے سند یا غوث

نہ پہونچا پایہ قصر کمال تک تیرے
کسی ولی کا کبھی طائر خرد یا غوث

شہا فقیر کو محشر مین بخشوا لینا
تمہارا بندہ ہی ہے نیک یا کہ بد یا غوث

الذال

تیرے احکام دو عالم مین ہین نافذ یا غوث
ہین ولی در سے تیرے فیض کے آخذ یا غوث

تیرے مستان ہی عشق و محبت کو مدام
تلخ و بی کیف ہین دنیا کے لذائذ یا غوث

حصر اوصاف کا تیرے نہین ممکن ہرگز
گو ہون اشجار قلم برگ کواغذ یا غوث

آپ کا در ہے دو عالم کا ملاذ و ملجا
ملتجی قطب ہین افراد ہین لائذ یا غوث

جب فقیر آپ سے محشر مین کہی خذ بیدی
ہے یقین کوئی نہو اسکا مواخذ یا غوث

الرّاء

رسول اللہ کا ہے حسن تم مین جلوہ گر یا غوث
علی کی جان ہو تم سبطین کے نور نظر یا غوث

سراسر تیرے چہرہ سے تجلی حق کی ظاہر ہے
خجل ہین تیرے روئے پاک سے شمس و قمر یا غوث

قضا آئی ہوئی ہے رد ہو گئی تیرے غلامون کی
رکہا تہا یہہ توجہ مین تری حق نے اثر یا غوث

بس اپنے عشق مین اب مجہکو ایسا محو کر لیجے
کہ تن کا ہوش ہو کچہہ اور نہ جان کی خبر یا غوث

ترا ابر کرم گر آبیاری اپنی فرماوے
ابھی آ لے مرے نخل تمنا مین ثمر یا غوث

مریدی لا تخف جب قول ہے تیرا مریدون کو
نہین ہے فتنہ دوران کا کچہہ خوف و خطر یا غوث

بلا لے اپنے خدمت مین یہی فضل رسول اللہ
فقیر قادری کو مت پھرا اب در بدر یا غوث

شجرہ طیبہ قادریہ

ترا عاشق ہے خود غفار یا غوث
جہان ہو کیون نہ تابعدار یا غوث

نبی نے خلعت تخصیص تجھکو
پہنایا ہے سر دربار یا غوث

تجھے شیر خدا نے اولیاءؒ کا
کیا ہے قافلہ سالار یا غوث

شہ کرب و بلا نے عشق حق کا
کیا تجھکو امانت دار یا غوث

سکھائے حضرت سجاد نے ہیں
عبادت کے تجھے اطوار یا غوث

کئے ہیں حضرت باقر نے تلقین
طریقت کے تجھے اذکار یا غوث

بتائے حضرت صادق نے تجھکو
صفا و صدق کے کردار یا غوث

ہیں حلم حضرت کاظم نے ظاہر
ترے چہرہ پہ سب آثار یا غوث

کئے حضرت رضا نے تجھکو تعلیم
رضائے کبریا کے کار یا غوث

تجھے معروف کرخی نے پڑھائے
معارف کے سبھی اسفار یا غوث

سری نے سر حق تجھکو بتا کر
بنایا محرم اسرار یا غوث

کیا تجھکو جنید باصفا نے
جنود اللہ کا سردار یا غوث

نیستان طریقت کا ہے تو شیر
بفیض شبلیؒ دیندار یا غوث

کیا ہے عبد واحد نے ترا جام
مئی توحید سے سرشار یا غوث

کیا تفویض تجھکو بوالفرح نے
بفرحت اپنا کاروبار یا غوث

ہے تو ہی بحر حسن بوالحسن کا
زمانہ میں در شہوار یا غوث

عطا کی بوسعید حق نما نے
سعادت کی تمہیں دستار یا غوث

ہوئی عالم میں تیرے دم سے جاری
خدا کے فیض کے انہار یا غوث

ترے ابر کرم سے باغ دین کے — ہری ہین سر بسر اشجار یا غوث

دیا پھر آپنے اپنے کرم سے — ہر اک کو حصہ مقدار یا غوث

بنایا عبد رزاق ولی کو — امام زمرہ اخیار یا غوث

دیا تو نے انہین گنجینہ رزق — جہان ہے اوس سے برخوردار یا غوث

کیا تو نے ابو صالح کو صالح — وہ عالی ہے تری سرکار یا غوث

کیا بو نصر کو نصرت سے منصور — مدد ہے تیری اونکی یار یا غوث

علو و عزت سید علی کا — تری رفعت سے ہے اظہار یا غوث

نمایان ہین رخ موسیٰ سے یکسر — ترے اجلال کے انوار یا غوث

حسن کے حسن کی ہے تیرے نسبت سے — جہان مین گرمی بازار یا غوث

نہال احمد جیلی ہے بیشک — کرم سے تیرے پر اثمار یا غوث

بہار الدین نے ایما سے تیرے — بنایا ہند کو گلزار یا غوث

ہے ابراہیم کا صدقہ سے تیرے — مقام قرب رب مین بار یا غوث

بھکاری کا مقام فقر مین بس — ہے تو ہی مونس و غمخوار یا غوث

ضیاء الدین کا تیرے ضیا سے — عجب پر نور ہے گھر بار یا غوث

جمال اولیا مین دیکھتی ہین — ترا جلوہ اولوا الابصار یا غوث

ترے ہی رخ کے تھے سید محمد — جہان مین عندلیب زار یا غوث

کیا ہے سید احمد کو تو نے — رموز دین کا واقف کار یا غوث

ہے فضل اللہ کا باغ فضائل — ترے ہی فضل سے پربار یا غوث
تری برکت سے حضرت برکت اللہ — ہوئے ہیں خواجہ احرار یا غوث
ہوئے تجھ سے شہ آل محمد — نبی کے فیض کے مختار یا غوث
تری ہی کیف سے ہیں شاہ حمزہ — دکان عشق کے عطار یا غوث
جناب آل احمد کو تھا ہر دم — کرم سے تیرے استظہار یا غوث
کیا تو نے ہی شاہ عین حق کو — مجید و امجد ابرار یا غوث
کیا حضرت معین الحق کو تو نے — شراب وصل سے سرشار یا غوث
وہ ہیں فضل اللہ رسول اللہ تک — نہ کیوں ہو انپہ تیرا پیار یا غوث
دکھا کر اپنا بیداری میں جلوہ — کیا بخت انکا کیا بیدار یا غوث
شراب عشق سے اپنی کیا مست — دکھا کر جلوہ رخسار یا غوث
جو شکر انکی فضل و مجید کا ہے — اوسی سے آپ ہی انکار یا غوث
بس اب صدقہ سے ان جانشینوں کے — مٹا دے سب مرے افکار یا غوث
فقیر خستہ ہے بیمار تیرا — پلا دے شربت دیدار یا غوث
کرم کا منتظر حاضر ہے در پہ — لگا دے اسکا بیڑا پار یا غوث

الوداع

ہے ذات پاک تیری عکس نور اللہ — مقبول ہوا تجھی سے دنیا یا غوث
آئینہ حقیقت ہے سینہ منور — دونوں جہان کے تم ظاہر ہیں یا غوث

افراد مین ہو اکمل اقطاب مین ہو افضل
تم خیل اولیا مین ہو شاہباز یاغوث

نور حقیقت حق باطن مین میرے بہردے
کر دور میرے دل سے زنگ مجاز یاغوث

انکار سے قدم کے تیرے ہوی پریشان
قطب زمانہ خواجہ گیسو دراز یاغوث

نادم ہوئے وہ جسدم تب آپنے کیا تہا
اپنے کرم سے اونکو پھر سرفراز یاغوث

بیفکر و بیخطر ہے تیرا فقیر خستہ
تیرے کرم پہ اوسکو ہردم ہے ناز یاغوث

الثانی

بہردسا ہے تمہارا مجھکو ہردم ہر نفس یاغوث
کہ سب جن و بشر کے آپ ہین فریادرس یاغوث

بہت بیچین ہے مضطر ہے طائر روح عاشق کا
ہے اوسکو ہند تیرا آشیانہ مثل قفس یاغوث

رہ بغداد مین شوق دلی سے راہ بر اپنا
صدائے آہ و نالہ عاشقون کا ہے جرس یاغوث

الہی پھر وہ دن آئے کہ جہاڑون اپنی پلکون سے
بیابان رہ بغداد کی خاشاک و خس یاغوث

نظر خیرہ ہے جسکے نور سے خورشید انور کی
تری روضہ کا وہ پرنور و روشن ہے کلس یاغوث

وجود پاک تہا تیرا وجود رحمت عالم
کبہی بیٹہی نہ تیرے جسم اطہر پر مگس یاغوث

فقیر عبدقادر قادری کو دین و دنیا مین
دلا ہے تیری ہی کافی نام نامی تیرا بس یاغوث

الثانی

جو دل ہے مضطرب اور جان کو ہردم تپش یاغوث
تری ہی جذبہ الفت کی ہے ساری کشش یاغوث

ولی ہو جائیں فساق جہان اور چور ابدال
تری فضل و کرم کی گر ہوا دی پرورش یا غوث

جسے چاہیں ابھی وہ سلطنت دارین کی دیدیں
یہ ادنیٰ ہے فقیر و غنی تیرے داد و دہش یا غوث

ہے اونکا شکر عین صحو بیہوشے ہی ہشیاری
نرالی ہے تری مستان الفت کی روش یا غوث

دم افطار روزہ خوان نعمت غیب سے آیا
مثال من و سلوی آپ کو بہر خورش یا غوث

کہ رہے بھی درہم و دنیار ہیں دنیا کے سب کھوٹے
ترا نقد محبت ہے مگر بے غل و غش یا غوث

فقیر قادری کو ہے بھروسہ آپ کا کافی
نہیں ہے رشتی اعمال سے کوئی خلش یا غوث

الصاد

ترے اوصاف و فضائل ہیں مشخص یا غوث
اولیا میں ہے تری ذات مخصص یا غوث

جملہ اقطاب کے اوصاف کا مجموعہ ہے
تری اک باب فضیلت کا ملخص یا غوث

اک اشارہ میں ترے ہوگئے مردے زندہ
حکم سے اچھے ہوئے اکمہ و ابرص یا غوث

شتر تب وصل بلا مجھکو کہ فرقت میں ترے
زندگی تلخ ہے اور عیش منغص یا غوث

شامل حال ہو امداد تمہاری ہر دم
ہو فقیر آپ کا دنیا سے مرخص یا غوث

ملاؤں سے کہ مری تخلیص یا غوث
گنہ ہوں سے تطہیر و تمحیص یا غوث

نبی نے تمہیں مجمع اولیا میں
پہنایا ہے ملبوس تخصیص یا غوث

وہ شخص ہے حق کا نبی و علی کا
کرے جو کوئی تیری تنقیص یا غوث

کتب اولیا کے معارف کے تیرے	ہیں اک باب عرفاں کی تلخیص یا غوث
ترا افضل سب اولیا سے جہاں میں	ہے ثابت بتصریح و تنصیص یا غوث
تمہارے اطاعت کی کی ہو نہ جس نے	اسے کر تو ترغیب و تحریص یا غوث

فقیر پریشاں کی امداد کرنا
جہاں سے ہو جب وقت ترخیص یا غوث

الضاد

ملک عرفاں کے ہو تم وارث و قابض یا غوث	ہیں حقیقت کے عیاں تم پہ غوامض یا غوث
نام سے آپ کے ہو جاتی ہے اکدم میں شفا	[illegible] ہوں کیسے ہی امراض و عوارض یا غوث
سب سلاسل میں ترے فیض کا دریا ہے رواں	ہر جگہ تیرے ہی الطاف ہیں فائض یا غوث
خور ہے شرمندہ خجل ماہ ہے حیرت میں	دیکھ کر آپ کا پر نور وہ عارض یا غوث
حکم حق لطف نبی سے ہے ترا فضل عیاں	کس کی طاقت ہے کہ ہو تیرا معارض یا غوث
عرض ہے یہ کہ توجہ سے تری مجھکو کبھی	غم لاحق نہ ہو عارضہ عارض یا غوث

حکم صادر ہو ترا حسب تمنائے فقیر
پیش دربار میں جب ہوں یہ عرائض یا غوث

الطاء

حصول مطلب ہے اسکو دلکو ہو کیوں نہ انبساط یا غوث	جو تیرے در پہ بچھا کے بیٹھے تری طلب کی بساط یا غوث
بلا کے اپنے حضور میں پھر پلا دے جام وصال مجھکو	تری عطا میں نہ بے مزہ ہے جہاں کا عیش و نشاط یا غوث

قدم کو تیرے ادب سے سر پر کیوں رکھیں نہ اولیا
تمہیں اطاعت تیری محبت وصول رب کا مناط یا غوث

کریگا یہ رہ کو کہ داخل قصور جنت میں انکو رضوان
تمہارے خدام دہر ہر حال میں ہیں کچھ ارتباط یا غوث

فقیر خستہ کو روز محشر خطر ہے کیا زلت قدم کا
گذر لگا تیری کرم سے دم میں عبور راہ صراط یا غوث

الظاہر

تیری حسن حسن کے وہ ہر کیف ہوا عطا یا غوث
مرحبا کہ ہیں ملک چرخ پہ لاحظ یا غوث

بالیقین اب وہاں اپنا چھٹا گر ہی گیا
حضرت شیر خدا نے تمہیں واعظ یا غوث

مرد نے جبکہ تھی اشارہ سے نگہ کے تیری
تھی قضا تابع ایمائی لواحظ یا غوث

کانپتے تجھ سے کیوں شاہ کہ تھی ذات تیری
سرحد ملک شریعت کی محافظ یا غوث

کر حساد سے ایمن ہے فقیر خستہ
نام ہے آپ کا ہر حال میں حافظ یا غوث

العین

نہ عبادت ہے کچھ زہد و تورع یا غوث
پر کرم سے ہے تیری مجھکو توقع یا غوث

قطب ہوں یا ہوں وہ افراد زمانہ تیرے
خرمن فیض سے ہے سب کو تمتع یا غوث

شیر یا در رمضاں میں نہ پیا تم نے کبھی
تھا وہ طفلی میں عیاں تیرا تشرع یا غوث

اوج رفعت سے وہ کرتا ہے سدا ہستی منیہ
تجھسی جو چاہتا ہے اپنا ترفع یا غوث

کسب کرتا ہے فقیر آپ کے در پر زاری
اسکا مقبول ہوا ہے عجز و تضرع یا غوث

عیاں ہے سارے عالم میں ترا عز و شرف یا غوث
جھکیں سب اولیا کی گردنیں تیری طرف یا غوث

وسیلہ سے ہی تیرے سلسلہ کی ہر جگہہ ہر دم
مدد پر ہیں تیری شیر خدا شاہ نجف یا غوث

تمنا ہی رہیں اخلاف بھی تیرے فدا تم پر
تمہارے جیسے مست عشق نہی تیرے سلف یا غوث

شراب عشق سے دے جان تازہ روح کو میری
عطا فرما دل و جانکو مری لبیا شغف یا غوث

مرے احباب کی تیری حمایت ہو سپر ہر دم
عدو کا دل رہے تیر حوادث کا ہدف یا غوث

تری چہرہ کی ہے تشبیہ ناقص بدر کامل سے
سراسر نور ہی ہے اور وہ ہے بے کلف یا غوث

نقیر قادری بیخوف ہے اہل ضلالت سے
ترا فرمان عالی ہے مریدی لاتخف یا غوث

القاف

مثال شمس روشن تم پہ ہیں چودہ طبق یا غوث
تمہیں سب اولیا سے ما سبق پر ہے سبق یا غوث

بفضل رب تمہیں ہو غوث الاعظم سید الافراد
بجز تیرے نہیں ہے کوئی اسکا ما صدق یا غوث

دبستان ولایت میں تمہارے اسم اعظم کا
تمامی اولیا اللہ سے ملتے ہیں سبق یا غوث

تری اوصاف آسکتے نہیں تحریر میں ہرگز
اگر ہو صفحہ آسماں یا زمیں بھی ہوں ورق یا غوث

حضوری سے تری ہر بند ہر آشوب میں بیخوف
یہی دن رات رہتا ہے مرے دل کو قلق یا غوث

عطا ہو عزت و اقبال مجھکو دین و دنیا میں
پئے فضل رسول و مہر شاہ عین حق یا غوث

فقیر قادری ہے گو سراسر معصیت لیکن
ترا بندہ ہے شاہد اسکا ہے رب الفلق یا غوث

الکاف العربی

عیاں تیری حکومت ہے زمیں سے تا فلک یا غوث
تری دربار کے حضار ہیں جن و ملک یا غوث

ہوا سب اولیائے اولیں کا شمس پوشیدہ
رہیگی تا ابد شمس کی تیری چمک یا غوث

جلا دیتے ہیں مردوں کو تمہارے نام نامی سے
گدایان در اقدس نہیں ہے اسمیں شک یا غوث

بری حالت ہے اب تو آپ کے بیمار ہجراں کی
دکھا دو رخ کے انور کی خدارا اک جھلک یا غوث

خزاں ہے سب بہار گلشن ہندوستاں مجھکو
جدائی میں تری پھول ہیں خار خسک یا غوث

بلائیں سر سے ٹلجا دیں عدو پامال ہو جاویں
تمہاری لشکر غیبی کی گر ہو دی کمک یا غوث

فقیر قادری کو پھر شرف کر حضوری سے
رہے محروم پابوسی سے تیری کب تلک یا غوث

الکاف الفارسی

تمامی اولیا کے شان ہے تیری الگ یا غوث
تری مہر ولایت سے درخشندہ ہے جگ یا غوث

دلوں پر اولیا کے نقش تیرا اسم اعظم ہے
تری ہی ذات ٹھہری خاتم عرفاں کا نگ یا غوث

تصرف سے تری ہو جاتے ہیں بدکار بھی صالح
کیئے دم بھر میں عارف قافلے کے تو نے ٹھگ یا غوث

زباں ہے ہر بن مو تری مدحت کے لئے میرا
محبت کا تری بھرتی ہے دم ہر ایک رگ یا غوث

مجھے دنیا کے شیروں کی خطر کیا ہے شرارت کا
فقیر قادری درگاہ کا ہے تیری سگ یا غوث

اللام

بڑے ہیں گرچہ میری جملہ افعال و عمل یا غوث
کرم ہی تیرے پر ہر دم ہے امید و امل یا غوث

تمنا ہے کہ مرتے دم بھی دم بھر یا رہوں تیرا
زباں پر آپکا ہو نام جب آئے اجل یا غوث

سخاوت امارت میں تجھکو ملی ہے شاہ مرداں سے
تری داد و دہش عالم میں ہے ضرب المثل یا غوث

پھنسا ہوں دام غم میں سخت مشکل ہے کرم کیجے
بلا سر سے ٹلے راحت ملے مشکل ہو حل یا غوث

جو چاہوں حسب خواہش دین و دنیا میں وہی پاؤں
کبھی ہونے نہ پاوے کام میں میرے خلل یا غوث

تری گفتار شیریں جس نے سن لی روبرو اسکے
شکر ناچیز ہے بے قدر ہے قند و عسل یا غوث

فقیر قادری کو ہے فقط کافی کرم تیرا
رہیں حساد گو آمادہ جنگ و جدل یا غوث

المیم

مٹا دے اپنی رحمت سے مرا یہ درد و غم یا غوث
کہ شامل ہے دو عالم کو ترا فضل و کرم یا غوث

تمامی اولیا رکھتے ہیں اپنی اپنی گردن پر
خدا کے حکم سے ہر عصر میں تیرا قدم یا غوث

تری عشاق کی نعلین پر سو جان سے قرباں تن
مری جان و جگر علم و ہنر دام و درم یا غوث

سوا تیرا نہ ہوگا حشر تک کوئی ولی ہرگز
یہ فرماتے ہیں اہل معرفت کھا کر قسم یا غوث

سمجھتے سنکڑوں بھی ہیں کمتر در یکتا کو
گدا درگاہ کی تیری وہ ہیں عالی ہمم یا غوث

سلاطین جہاں کو فخر ہے جسکی گدائی کا
تری دربان کا یہ منصب ہے یہ جاہ و حشم یا غوث

میں اٹھتے بیٹھتے تیرا ہی ہر دم دم رہوں بھرتا
زباں پر میری جاری نزع میں ہو دمبدم یا غوث

بدلوا دے برا ہو گر نوشتہ میری قسمت کا
تری قابو میں فضل رب سے ہے لوح و قلم یا غوث

بچا لے ہر بلا سے مجھکو اپنا فضل رکھ مجھپہ | مٹا دے حاسدوں کو جو ہیں اعدا کے ستم یا غوث
دکھا پھر کربلا کا نور اور بغداد کا جلوہ | نجف کا روضہ اشرف مدینہ کا حرم یا غوث

فقیر قادری ہے اک تری درگاہ کا کتا
یہی کہتے ہیں اسکو سب عرب سے تا عجم یا غوث

النون

امام اولیا دہر ہو تم بالیقین یا غوث | تمہاری حکم محکم کے ہیں سب زیر نگین یا غوث
تیرے ہی دم قدم سے جان تازہ آ گئی دین میں | سوا تیرے لقب کسکو ملا محی دین یا غوث
تری ہے تا ثریا سب تری محکوم فرمان ہیں | ملک خادم فلک تابع مسخر ہے زمین یا غوث
سنو پنج قادری چشتی ہوں یا وہ سہروردی ہوں | دیا ہوں نقشبندی سب کے ہیں خوشہ چین یا غوث
قضا کا پھیر دینا تمکو آسان ہے کہ ٹہری تم | مکان کن فکان کے حکم خالق سے مکین یا غوث
فضیلت ہے یہ تیری مجمع اہل ولایت میں | نبی نے خود کیا اپنا تجھے مسند نشین یا غوث

تمنا ہے کہ تیرے سنگ در کی جبہ سائی سے
فقیر قادری کی ہو منور یہ جبین یا غوث

الواو

در حضور سے پہنچیں مجھ سے سو یا غوث | لگا لی تیری محبت کی دل میں لو یا غوث
کسی ولی کو خبر جسکی سب کی نہ ملی | نہ اسمند شرف ہے وہ تیز رو یا غوث
عیان خدا کی تجلی نبی کا جلوہ ہے | بیان ہو کیا شہ دربار کی جلو یا غوث

جہان ہی سبنا مرہون منت و احسان ولی ہین سارے ولا ہین تیسی گرد یا غوث

سدا ادقاتی کو حاصل ہو جمعت دارین
ملے جو آپکے لنگر سے ایک حبہ یا غوث

الہاء

وہ پرضیا ہین تیرے ذرہ ہائے رہ یا غوث خجل ہین جنکی تجلی سے مہر و مہ یا غوث

ترا جمال ہے آئینہ جمال نبی جلال حق ہے تری قہر کی نگہہ یا غوث

تمہارا نام ہے بس حفظ ہر بلا کے لئے غرض سپر سے نہ کچھ حاجت زرہ یا غوث

تری ہی لطف سی عقدہ یہ مراحل ہوگا کہ ہی ہر رشتہ امید مین گرہ یا غوث

بیان ہو کیا تری قدرت کا تو اگر چاہے طلا ہو خاک نظر سے گدا ہو شہ یا غوث

ہو کیسے کوئی ولی تیری قرب سے آگاہ کہ تیری خاص ہے مخدع مین جلوہ گہ یا غوث

امید ہے کہ کرم سے تری بغیر حساب
فقیر خستہ کی مغفور ہون گنہ یا غوث

الیاء

غموں سے اب مری حالت خراب ہی یا غوث جگر بھی خستہ ہے دل بھی کباب ہی یا غوث

امام زمرہ اقطاب سید الافراد خدا کے فضل سے تیرا خطاب ہی یا غوث

تری ہی در سے ہے فیضیاب جملہ ولی ترا وہ باب ولایت مآب ہی یا غوث

نبی کے باغ کے ہو تم گل بہشت بہار تمہاری رخ پہ وہی آب و تاب ہی یا غوث

شہ رسل سے شہا تو فی ترتیب بانی
تری مدد پہ شہ بوتراب ہے یا غوث

ہوئے ہیں مست جسے پیکے عاشقان نبی
ولا کا تیری وہ جام شراب ہے یا غوث

سوال قبر و حساب عمل کو تیرا نام
فقیر خستہ کا کافی جواب ہے یا غوث

خدا نے تمکو دیا جو کمال ہے یا غوث
کہاں ہو مجھسے بیان بیشک محال ہے یا غوث

جناب ختم رسل شاہ دو جہان کا عیان
تمہارے چہرہ پہ حسن و جمال ہے یا غوث

ڈرے نہ تجھسے جہان کیون کہ جلوہ گر تجھپر
جناب شیر خدا کا جلال ہے یا غوث

جہان میں جتنے ولی ہیں سر ایک کی گردن
ترے قدم کے تلے پائمال ہے یا غوث

شراب وصل پلا دے کہ اب ترا عاشق
تجھی سے طالب کاس وصال ہے یا غوث

کرے جو چورونکو ابدال رہزنونکو ولی
ترا کرم ترا جود و نوال ہے یا غوث

رضا کا تیری طلبگار ہون دل و جان سے
نہ مجھکو خواہش مال و منال ہے یا غوث

جلا دے مردے کرے آگ سرد دریا خشک
وہ باشکوہ ترا سر و حال ہے یا غوث

کرم کرو کہ در پاک پر ادب سے کھڑا
فقیر قادری بہر سوال ہے یا غوث

نبی کو تیری ستائش پسند ہے یا غوث
علی کا تو خلف ارجمند ہے یا غوث

نبی علی کا جو جامہ ہے تونے آب دہان
ہر ایکبات تری رشک قند ہے یا غوث

وہ شہسوار ولایت ہے تو کہ تیرے قدم
ہر اک ولی سے ترا ہی سمند ہے یا غوث

تیرے ہی فیض توجہ سے تخت فارس پر — ہوا جلوس شہ نقشبند ہے یا غوث

ترے قدم کے تلے ہیں سب اولیا جہاں — ترا وہ منصب عالی بلند ہے یا غوث

جو کوئی تمسے توسل کرے تو پھر اسکو — بلا کا خوف نہ بیم گزند ہے یا غوث

نگاہ لطف و کرم کر طفیل فضل رسول
کہ یہہ فقیر ترا دردمند ہے یا غوث

تمہارا نام حصار نبرد ہے یا غوث — دوائے مرض و رنج و درد ہے یا غوث

جلال ہے وہ عیان تیرے نام پاک سے — کہ جسکے آگے ہوئی آگ سرد ہے یا غوث

تمہارے دوش پہ پائے نبی ہیں زیر قدم — تمہارے گردن ہر قطب و فرد ہے یا غوث

ترے ہی باغ سے سلطان سہروردی کو — ملا کرامت و عرفان کا ورد ہے یا غوث

نہ گرد آئے بلا اسکی جسکو چھو جائے — وہ آپ کی در دولت کی گرد ہے یا غوث

بچھے ملائکہ ہوں فرش راہ اسکے لئے — ترے دیار کا جو رہ نورد ہے یا غوث

فقیر خستہ کو نصرت سے سرخرو کردے
کہ فکر و رنج سے رخ اسکا زرد ہے یا غوث

آپ کی حکم میں ہے نیک سرشتی یا غوث — جنتی تمنے کئے لاکھوں کنشتی یا غوث

بحر زخار سے نکلی تھی کئی سال کے بعد — حکم سے آپ کے ڈوبی ہوئی کشتی یا غوث

دور جنت سے ہے جو تیرے فضل کا منکر — منبع حکم کا ہی تیرے بہشتی یا غوث

لطف سے تیرے ہوئے والی و شاہنشہ ہند — قبلہ و کعبہ دین خواجہ چشتی یا غوث

نام سے آپ کی امید یہہ رکھتا ہی فقیر
میرے اعمال کی سب دور ہو گرشتی یا غوث

اولیا پے ہی مسلم تری ثنا ہی یا غوث
ہی عیان سب پہ یہہ تا ماہ زمانہ ہی یا غوث

اولیا کو بھی میسر نہوا عالم مین
تیری اوصاف کا ادراک کماہی یا غوث

فیض سے تیرے ہی سلطان مشایخ بھی
ہند مین حضرت محبوب الٰہی یا غوث

نور سے اپنی کرامت کی پیے فضل رسول
دور کر دل سے مرے زنگ وسیاہی یا غوث

اب ہی پھر دل کی تمنا کہ فقیر مضطر
سر کے بل ہو دوے تری راہ مین راہی یا غوث

تمام خلق کا تو دستگیر ہے یا غوث
حبیب خاص خدا ہے قدیر ہے یا غوث

شہ رسل کے ہو نور نظر ہوا تمسے
فروغ نسل جناب امیر ہے یا غوث

ہین اولیاے جہان مستفید سب تمسے
لقب حضور کا پیران پیر ہے یا غوث

تمہین کو مملکت معرفت مین کیا
خدا نے صاحب تاج و سریر ہے یا غوث

تمہاری خاک قدم پہ ہزار جان سے نثار
گلاب وصندل ومشک وعبیر ہے یا غوث

تمہین ہوا افضل اقطاب عالم افراد
کوئی ولی نہ تمہارا نظیر ہے یا غوث

یہہ پاس شرع رضاعت مین تہا کہ نہ دن مین
پیا نہ آپ نے مادر کا شیر ہے یا غوث

شراب عشق سے مخمور و مست تھی ترے
مرے سلف وہی میرا خمیر ہے یا غوث

عدو کے مکر سے کیا ڈر مجھی کہ تیرا نام
خدا کے فضل سے ہر دم نصیر ہے یا غوث

تری کرم کے بہروسہ پہ قبر وحشر میں
نہ مجھکو کچھ خطر وارد گیر ہے یاغوث

نگاہ فضل وکرم کیجیے اس عاجز پر
تمہارے در کا یہ ادنی فقیر ہے یاغوث

تری [illegible] کے محتاج ہیں سارے ولی یاغوث
دیا کیا حق تعالی نے تجھے فضل جلی یاغوث

مصیبت میں کسی نے استغاثہ جب کیا تم سے
قضا آئی ہوئی رد ہو اور بلا سر سے ٹلی یاغوث

نسیم صبح سے تیرے گلزار ولایت میں
شجر سرسبز ہے خنداں ہے گل تازہ کلی یاغوث

بیاں [illegible] درد ہجراں کی یہ کیفیت کہ سب تجھ پر
عیاں ہے ہمارے جان کی دل کی بیکلی یاغوث

زمین [illegible] آسمان تک نور سے ہے جمال عالم کا
مثال آئینہ دل پر ہے تیری تجلی یاغوث

تری گفتار شیریں میں ہے لذت شہد خالص کی
مزے میں ہے تری ہر بات مصری کی ڈلی یاغوث

تری گیسوے مشکیں کی خوشبو سے معطر ہے
مثال روضہ رضوان جہاں کی ہر گلی یاغوث

تمنا ہر کے مقصد کی ڈالی باغ عالم میں
ترے فیضان سے ہر دم ہے پھولی پھلی یاغوث

کھلا غنچہ دل دی شفا بیمار ہجراں کو
ہوا کے جانفزا بغداد کی جس دم چلی یاغوث

پیئے گا شربت وصل نبی گلزار جنت میں
تمہارے عشق کی آتش سے جو جان جلی یاغوث

فقیر دل رشی کی ہے تمنا مرتے دم بھی ہو
زبان پر میری جاری یا محمد یا علی یاغوث

تمت بالخیر

بعد حمد رب کریم و ثنائے خالق لیل و نہار و نعت حضور جناب رسول مختار سید الابرار صلی اللہ علیہ وسلم و منقبت حضرات اہل بیت اطہار
و اصحاب اخیار و اولیاء کبار رضی اللہ تعالیٰ عنہم فقیر قادری عفی عنہ الغفار خدمت مسلمانان اہل سنت میں عرض کرتا ہے کہ
اس ناچیز کو اپنی محرومی سے اس وقت تک تحصیل علم ظاہر و باطن میں کمال ہوا نہ تکمیل فن شعر و سخن کا مطلقاً خیال ہے مگر ایک مدت سے
اثنائے سفر دیار مدینہ طیبہ و نجف اشرف و کربلائے معلی و بغداد شریف و اجمیر شریف وغیرہ میں ہر ایک جگہ بطور عرض حال پریشان کے وقت حاضری آستان
فیض نشان اتفاق نظم کرنے اشعار نعت و منقبت کا عربی و فارسی و اردو میں بہ شوق قلبی ہوا لیکن چونکہ اپنے کلام کو قابل پیش کرنے کے
خدمت علمائے کبار و شعرائے روزگار نہیں سمجھا اور نہ شہرت کی غرض سے اس کلام کو نظم کیا تھا نہ بخیال تصنیف کے مسودات کا بھی کیا گیا
تا آنکہ بہت سا کلام عربی و فارسی و اردو کا مفقود بھی ہو گیا قریب زمانہ گزرا کہ احباب نے بعد ضائع ہو جانے مسودات مفقودہ کے مسودات
موجودہ کو صاف کیا اور ایک مجموعہ چار دیوان پر ترتیب دیا دیوان اول قصائد عربیہ نعت و منقبت میں دیوان دوم قصائد و رباعیات
فارسی میں دیوان سوم غزلیات اردو نعت شریف و مناقب میں دیوان چہارم غزلیات اردو و مناجات خاص جناب محبوب سبحانی میں
اب ان ایام میں کہ بعض شیفتگان دین نے واسطے طبع کرانے بعض قصائد و غزلیات مجموعہ کے بطور اختصار ارادہ فرمایا فقیر حقیر نے
انکی اصرار سے سوائے اجازت کے چارہ نہ پایا پس اہل شرافت و انصاف سے امید ہے کہ اگر وقت ملاحظہ کے وہ اشعار پسند ہوں تو دعائے خیر
سے پیش آئیں اور اگر اغلاط و قبیحہ پر اطلاع پائیں تو بلا تکلف اصلاح فرمائیں اور چونکہ زمانہ حال میں بہت نوجوان و اطفال مدعی تبحر
و کمال ہیں کہ بعض ان میں سے قدرے خواندہ اور اکثر فی الحقیقت جاہل ہیں سو اس قسم کے لوگوں سے اگر امید تو یہی ہے کہ تحقیر و تجہیل
سے پیش آئینگے بلکہ تکفیر و تضلیل سے بھی دریغ نہ فرمائینگے لیکن بہ محبت اسلامی چند امور کا عرض کر دینا ضرور ہے اول یہ کہ اکثر شخص
وغیرہ سے امر اول یہ کہ اکثر مدعیان تحکم طائفہ اسماعیلیہ کی بہ سبب ظاہر احادیث کے جن میں مذمت شعر و شاعر کی واقع ہے لا الفر لوا الصلوٰۃ
پر عمل کر کے مطلقاً نظم و شعر کو برا بتلاتے ہیں حالانکہ بہت احادیث صحیحہ سے ثابت ہے خود جناب سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم اشعار حمد و نعت
کو اور نیز حکم فرمایا حضرت حسان رضی اللہ عنہ وغیرہ کو واسطے نظم کرنے ہجو کفار کے بخوبی ثابت ہے پس اطلاق مذمت شعر کا علی الاطلاق خلاف

تنقیص انبیاء کرام کی اور تفضیل دینا۔ نیز او نعت شریف میں گستاخی اور بے ادبی حضرت جناب حق سبحانہ کی گویا لازم جانتے ہیں
اور جو ایسے شاعروں کے معتقد علم یا فقیر کے موتی میں وہ ایسی ہی خرافات کو کمال معرفت گردانکر بدل و جان ثنا اعمال ...
سو بیشک علماء دین ایسے شعر سے ممانعت فرماتے ہیں بفضلہ تعالیٰ فقیر نے حسب الفہم کے کوئی کلمہ اس قسم کا جو مخالف شرع شریف کے ہو نظم نہیں
اور اگر نادانی سے سہواً نظم میں آ گیا ہو تو یہ عاجز معترف قصور ہے کیونکہ قصد و خطا میں معذور ہے مگر احباب کو وقت پڑھنے کے پھر بھی اسکی
اصلاح کر لینا ضرور ہے دوئم یہ کہ اس وقت میں بہت نظم کرنیوالے نعت و مناقب کی پرواہ نقل و صحت کی ساتھ اسانید صحیح
و معتمدہ کی نہیں کرتے ہیں ہر رطب و یابس کو جمع کر روایات شاذ و غیر مشہورہ کو گو خلاف روایات متواترہ بلکہ خلاف قرآن کے
ہوں واسطے تعجب دلانے ناظرین کے یا روکا سامعین کی تقلید [illegible] نظم کیا کرتے ہیں بلکہ اختراع و افترا کو بھی داخل شاعری
ٹھہراتے ہیں کہ انہیں خرافات کی ستاویز سے طائفہ اسماعیلیہ معجزات و کرامات مشہورہ میں بھی جو کتب معتبرہ میں مندرج ہوں میں
تشکیک نظر عوام میں ڈالتے ہیں بفضلہ تعالیٰ اس حقیر نے وہی فضائل و معجزات و مناقب و کرامات نظم کئے ہیں جو کتب مشہورہ میں مندرج ہیں
اور کسی طرح مخالف اصول اسلامی کے نہیں ہو سکتی ہیں جس صاحب کو شک ہو کتب میں دیکھ لیے سوئم یہ کہ بہ نسبت حکم فصاحت و بلاغت نظم شریف کے عرض
ہے جو اصل منشا اس فن کا تھا وہ خیال تھا اور فی الحال اہل ہند کا وہ خیال کیونکے جیسے قبل نزول قرآن شریف کے عرب کے محاورے میں وجوہ
اجناس قبائل و اصناف کے اختلاف اشتمال تذکیر و تانیث و انصراف و عدم انصراف کے ایک محاورہ والا دوسرے محاورہ والے کی محاورہ کو با عتبار عقل
و انصاف کے نہ ہنستا تھا نہ عیب لگاتا یا عدم فصاحت کا لگاتا تھا اسی طرح بعد نزول قرآن شریف کے بھی جو افصح الکلام ہے با وجود یکہ لغت و محاورہ قریش
پر وہ نازل ہوا اور اسی سے لغت قریش کو بڑا فضل حاصل ہو گیا دوسرے محاورات پر با عتبار انصاف شرع کے بھی ہنسنا یا خلاف فصاحت کہنا
یا اونکا ترک کر دینا لازم ہو اگر ہندوستان میں دیگر بلاد کا تو کیا ذکر ہے دہلی و لکھنؤ میں جو بالفعل پایہ تخت فصاحت و بلاغت شمار کئے
جاتے ہیں ان میں جس طرح با عتبار تانیث و تذکیر کے بیہودہ دیکار جھگڑے [illegible] ہو رہی ہیں نمونہ از خروارے پیش مطلع نظر اس اختلاف
کے خاص ہی کہ شاعروں میں مثلاً میر اور غالب و ذوق وغیرہم میں جو کچھ گزرا اور اب انکی شاگردوں میں کیا حال ہے

کرکے نکتہ اعتراض و تمسخر نہ اٹھائیں چنانچہ ہم سنا کرتے ہیں کہ بعض طالب علم جو اپنی تمیز میں فنون عربیت دانی میں ہر مجلس اور ہر صحبت میں
جاتے ہیں اور شاید کہ سوائے نحو میر اور منتخب اللغات کے سمجھنے کی استعداد و کچھ لیاقت نہیں رکھتے ہیں ہر ایک موقع پر باعتبار لغات
یا مصطلحات یا محاورات کی ادعا عدم جواز وصحت کا لازم گردانتے ہیں اور علما کے کلام پر اپنی کمال جہالت سے اعتراض کو
موجود ہو جاتے ہیں حالانکہ وہ اعتراضات بعد تفتیش و تحقیق کتب مبسوطہ لغت و نحو کے باطل محض ہوتے ہیں پس اولا تفتیش کر لینا
لغات و محاورات عرب کا کتب مبسوطہ سے ضروری کار ہے پھر ادعا کرنیکا اختیار ہے فقط

قطعہ تاریخ از مولف مدظلہ

فقیر قادری بردہ شاہنشاہ جیلان کا … شہنشاہ رسل کا امتی بندہ ہے رحمان کا
نہ عالم ہے نہ شاعر ہو نہ صوفی ہو نہ زاہد ہے … مگر خادم ہو دل سے اہل علم و اہل عرفان کا
لکھے اشعار کچھہ جب مدحت محبوب سبحان کے … ارادہ جب کیا احباب نے ترتیب دیوان کا
مرتب جب ہوا دیوان لکھی تاریخ ہاتف نے … گلستان کیا کھلا اب مدحت محبوب سبحان کا

۱۳۰۰ھ

قطعہ تاریخ از مولوی انوار الحق صاحب زید مجدہ

نوشتہ چون جناب عبد قادر … بمدح غوث اعظم تازہ دیوان
بجست انوار تاریخش ز ہاتف … بگفتہ فیض جود شاہ جیلان

۱۳۰۰ھ

کرد خوانش این دیوان را قطب زمانہ عبد القادر **ولہ** اگر با یمان داد رواں کرد بیاد گان عقیدت

فکر نمود انوار پریشان از پئے سال طبع دیوان … ہاتف غیبی سال طبعش گفت بہارستان عقیدت

تاریخ طبع مجموعہ چکیدہ کلک گوہر سلک جناب نواب سید محمد نور اللہ خان صاحب نادر حیدری

۱۳۰۰ھ

شد المحمد کہ مطبوع شد از فضل رسول … تحفہ مجموعہ نعت قطب دا فرا د

آن شہنشاہ کز فیض قدوم پاکش — رشک جنات عدن گشت زمین بغداد
آنکہ آمد لقبش حضرت غوث الثقلین — آنکہ بر نام او قربان دل و جانم باد
از تصانیف جناب شہ عبد القادر — ہادی و مرشد ما صاحب فیض و ارشاد
فکر تاریخ چو این بندہ انوار الدین کرد — گشت الہام بدل جلوہ نور بغداد

رشحۂ فکر عالی جناب نواب ضیاء الدین خان صاحب حیدر آبادی ملقب بشاہ عون قادری المتخلص بضیا ۱۳۱۱

گشت مطبوع چو از فضل رسول — مدحت حضرت غوث الاعظم
اے ضیا مادہ تاریخش — تحفہ گلشن وحدت گفتم

نتیجہ فکر سلیم جناب نواب خواجہ سید حفیظ اللہ خان صاحب قادری حیدر آبادی المتخلص بحکیم ۱۳۱۱

فضل مولا سے وہ مجموعہ مناقب کا چھپا — جسکے توصیف میں عاجز ہیں سبھی فہم و ذکا
فکر تاریخ کی تھی مجھکو مکرر بیحد — ہاتف غیب نے ذوق دل عشاق کہا

طبعزاد جناب خواجہ عبد اللہ صاحب المتخلص بخواجہ صاحبزادہ جناب ضیاء الدین قادری دہلوی ۱۳۱۱

مجموعہ مناقب کا چھپا لطف خدا سے — ہر شعر کا مضمون ہے جسکے در یکتا
تاریخ کی تفتیش میں تھا خواجہ کہ ہاتف — تسکین دل عاشق مہجور ہی بولا

از نتائج افکار گہر بار جناب مولوی محمد ستار بخش صاحب قادری بدایونی المتخلص بستار ۱۳۱۱

شدہ مطبوع چون مجموعہ پاک — مدح غوث اعظم قطب دوران
نوشتہ مصرعہ تاریخ ستار — ثنائے اشرف محبوب سبحان

از رشحات جناب مولوی قاضی محمد معین الدین صاحب قادری المتخلص بہ کیفی متوطن میرٹھ ۱۳۱۱

فضل باری سے بطرز نکو | شاہ بغداد کی چھپی مدحت
فکر تاریخ کی تھی لکھنے کو | بولا ہاتف حسنہ انہ رحمت
۱۳۱۱ھ

تصنیف لطیف جناب مولوی الطاف حسین صاحب المتخلص بہ لطافت خلف الرشید جناب شیخ سجاد حسین صاحب

اہل عرفاں کو مبارک وہ چھپا مجموعہ | کیف ہر شعر میں جسکے مے بغداد کا ہو
فکر تاریخ میں تھی طبع لطافت حیراں | ناگہاں ہاتف غیبی نے کہا ساغر مے

۱۳۱۱ھ
از خاکسار محمد حافظ عزیز اللہ خاں قادری بدایونی المتخلص بہ عاجز غفر اللہ ذنوبہ

چھپ گیا مطبوع از فضل الٰہی | کلام واقف اسرار عرفاں | جناب پیر و مرشد عبد قادر | شاہ عاشق محبوب سبحاں
بمدح قبلہ اہل طریقت | بمدح حضرت محبوب یزداں | بمدح سرور اقطاب افراد | حضور غوث اعظم شاہ جیلاں

نوشتہ مصرع تاریخ عاجز
شراب مدح شاہنشاہ جیلاں
سنہ ۱۳۱۱ھ

ایضاً

بحمد اللہ کہ مطبوع ہوئی ہے | بمدحت حضرت شاہ بغداد | حبذا منقبت غوث ورا | قادری جن میں سب ہیں دلشاد

فکر عاجز نے یہ تاریخ لکھی
جرعہ بادۂ حب بغداد
۱۳۱۱ھ

ایضاً

شکر صد شکر کہ این مجموعہ | گشت مانند قمر نور فشاں | عاجز آمادہ تاریخ بخش | قدرت صاحب ارشاد سبحاں
۱۳۱۱

تمت